ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

# پاکستان اور ویسٹ انڈیز کی ویمن ٹیموں کے مابین ون ڈے سیریز بدھ سے شروع ہو گی

**سینٹ جونز،6جولائی 2021ء:**

پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کی اگلے سال آئی سی سی ویمن ورلڈکپ کوالیفائر راؤنڈ اور آئی سی سی ویمن ورلڈکپ کی تیاریاں جاری ہیں ،اس سلسلے میں بدھ کے روز پاکستان ویمن ٹیم کا مقابلہ ویسٹ انڈیز کی ویمن ٹیم سے ہونے جارہاہے۔پانچ ایک روزہ میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ انٹیگا کے کولیج کرکٹ گراؤنڈ میں بدھ کے روز کھیلا جائے گا۔

اس سال پاکستان ویمن ٹیم اپنا چوتھا ایک روزہ میچ کھیلنے جارہی ہے،اس سے قبل پاکستانی ٹیم دورہ جنوبی افریقہ میں تین ایک روزہ میچ کھیل چکی ہے۔

پہلا ایک روزہ میچ کے علاوہ کولیج کرکٹ گراؤنڈ میں دوسرا اور پانچویں میچ بالترتیب 9اور 18جولائی کو کھیلا جائے گا۔

نداڈار نے اس سیریز کے دوران ٹی ٹونی وکٹوں کی سنچری مکمل کی۔19 سالہ فاطمہ ثناءاور ڈیانا نے چار چار وکٹیں حاصل کیں۔نداڈار کی باؤلنگ نے مخالف ٹیم کے رنز روکنے میں اہم کردار ادا کیا۔

اس موقع پر جویریہ خان نے کہا کہ پاکستان ٹیم نے باؤلنگ کے شعبے میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا، اب ایک روزہ میچوں کی سیریز میں بھی بہتر نتائج حاصل کرنے کے لیے بیٹنگ لائن کو پرفارم کرنا ہو گا۔ جویریہ خان 2744 رنز بنا کر ویمن ٹیم کی ایک روزہ میچوں کی کامیاب ترین بلے باز ہیں۔

**جویریہ خان:** یہ پانچ میچ ہمارے لیے بہت اہم ہیں، ان میچز سے ورلڈ کپ کوالیفائر مرحلے اور اگلے سال ویمن ورلڈ کپ کی تیاریوں کے سلسلے میں مدد ملے گی۔

ان کا مزید کہنا تھا کہ بیٹنگ لائن کے پرفارم کرنے سے اچھے نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ ٹی ٹونٹی سیریز سے ہمیں بیٹنگ کنڈیشنز کو سمجھنے میں کافی مدد ملی۔ ہم ایک روزہ سیریز میں بہتر پرفارم کریں گی اور بیٹسمینوں کو مشکل حالات میں خود کو پرسکون رکھنے کی کوشش کرنا ہو گی۔

ٹی ٹونٹی میں شکست پر جویریہ خان کا کہنا تھا، ہم نے میچز جیتنے کے لیے سخت محنت کی تھی۔ ہم نے بیٹنگ پر بہت کام کیا، بدقسمتی سے ہم ایک یونٹ کی طرح پرفارم کرنے میں ناکام رہے لیکن ہماری باؤلنگ نے بہت اچھی پرفارمنس کا مظاہرہ کیا جو کہ ایک خوش آئند عمل ہے۔

نڈا ڈار اور انعم امین بہت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہیں۔ فاطمہ ثناء ایک نوجوان کے طور پر پریشر میں حالات کو برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔

## پاکستان ویمن اے ٹیم کی تین میچوں پر مشتمل ایک روزہ سیریز کا آغاز ہفتے سے ہو گا

پاکستان کی قومی اے ٹیم ہفتہ کو دوبارہ ایکشن میں نظر آئے گی۔ اس سے قبل قومی اے ٹیم تین ٹی ٹونی میچوں پر مشتمل سیریز میں ویسٹ انڈیز کی اے ٹیم کو شکست دے چکی ہے۔

قومی اے ٹیم کی اوپنر عائشہ ظفر نے ایک ہاف سنچری کی مدد سے 93 رنز بنائے۔ کائنات امتیاز نے چار وکٹیں حاصل کیں۔ رامین شمیم، ماہم طارق اور ایمن انور نے تین تین وکٹیں حاصل کیں۔

رامین پاکستان اے ٹیم کی قیادت کا سلسلہ جاری رکھیں گی۔

**اسکواڈ**

جویریہ خان (کپتان، قومی ٹیم)، رامین شمیم (ون ڈے کپتان ، اے ٹیم) ، سدرہ نواز (ٹی 20 کپتان ، اے ٹیم) ، عالیہ ریاض ، ایمن انور ، انعم امین ، عائشہ نسیم ، عائشہ ظفر ، ڈیانا بیگ ، فاطمہ ثناء ، ارم جاوید ، جویریہ رؤف ، کائنات امتیاز ، کائنات حفیظ ، ماہم طارق، منیبہ علی صدیقی (وکٹ کیپر)، ناہیدہ خان، ناجیہ علوی (وکٹ کیپر)، نشرہ سندھو، نتالیہ پرویز، ندا ڈار، عمائمہ سہیل، صبا نذیر، سعدیہ اقبال، سدرہ امین، اور سیدہ عروب شاہ۔

– ENDS –

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

**ABOUT THE PCB**

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS
WASH HANDS | KEEP THE DISTANCE | AVOID CROWD | WEAR MASK | COUGH IN THE ELBOW | KEEP HYDRATED | STAY AT HOME

Commercial Partners
Broadcast Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4